ڈھاکہ ۔۔۔ (اخبار) بنگلہ دیش کے چیف آف اسٹاف ... نائب مارشل لا ایڈمنسٹریٹر میجر جنرل ضیا الرحمٰن نے بھارت سے کہا ہے کہ وہ دریائے گنگا کے پانی کی منصفانہ اور درست تقسیم کرے ... انہوں نے یہاں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ بنگلہ دیش کے کروڑوں افراد کی زندگی اور موت کا مسئلہ ہے اور بھارت دریائے گنگا کے پانی کی تقسیم کے مسئلے پر مذاکرات کرنے ... [illegible] ... بنگلہ دیش کو اپنے حصے کا پانی ملنا چاہیے ... [illegible] ... سال کا ساسامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

ریڈیو بنگلہ دیش کے مطابق میجر جنرل ضیا الرحمٰن نے کہا کہ بنگلہ دیش کو ... اس کے حصے کا پانی ملنا چاہیے ... [illegible] ... متاثر ہوئی ہے۔

ابوحنیف رامے دوبارہ کیمبل پور جیل میں

لاہور ۔۔۔ (وقائع نگار) آج ۱۹ مئی کو ... بجے صبح محمد حنیف رامے ... پنجاب ... [illegible] ... کیمبل پور جیل میں منتقل کر دیا گیا ہے۔

پروفیسر سید ابوبکر غزنوی

ممتاز ماہر تعلیم اور عالم دین مولانا ابوبکر غزنوی انتقال فرما گئے انا للہ وانا الیہ راجعون

مرحوم ۵ اپریل کو حادثے میں شدید زخمی ہونے کے بعد سے لندن کے ہسپتال میں زیر علاج تھے

لاہور ۔۔۔ پاکستان کے ممتاز دانشور، ماہر تعلیم، عالم دین، عربی زبان کے استاد اور جامعہ اسلامیہ بہاولپور کے وائس چانسلر پروفیسر سید ابوبکر غزنوی آج لندن میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ وہ لندن میں منعقدہ جشن عالم اسلامی میں شرکت کے لئے گئے ہوئے تھے کہ ۵ اپریل کی درمیانی رات کو ایک سڑک عبور کرتے ہوئے ایک کار سے نیچے آ گئے۔ اس حادثے میں وہ شدید زخمی ہوئے ... [illegible] ... ویسٹ منسٹر ہسپتال میں زیر علاج تھے کہ آج اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ ان کی میت کو پاکستان لانے کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ پروفیسر ابوبکر غزنوی ... [illegible] ... سید داؤد غزنوی کے صاحبزادے تھے۔ مرحوم کو اپنے جلیل القدر باپ کی طرح فروغ اسلام سے بے حد دلچسپی تھی۔ آپ ادارہ تقویت الاسلام شیش محل روڈ ... [illegible] ... کا درس بھی دیا کرتے تھے۔

ٹوکیو ۔۔۔ (اے پی) ... [illegible] ...



Ontario Place opens Saturday.

MAY 22

۲۲ مئی سے ۱۱۹ دن کے لیے اونٹاریو پلیس کا ۹۶ ایکڑ کا موسیقی، فلموں، باغوں، ریستورانوں، پانی کے کھیلوں اور تفریح سے بھرپور ادارہ آپ کے لیے کھلا ہے۔ CINESPHERE میں ایک نئی فلم "ONTARIO SUMMERTIDE" دکھائی جائے گی جو اونٹاریو کے آبی راستوں کے طریقوں کے بارے میں دیو قامت پردے پر ایک شاندار منظر پیش کرے گی۔ ایک بہترین فلم اور ایک ہفتہ پرانی فلم ENERGY دکھائی جائے گی جو کہ انسانی زور بازو سے MEGAWATTS تک توانائی حاصل کرنے کے بارے میں ہے۔

ہمارے دوسرے MULTI-MEDIA تھیٹر اپنے دوسرے دور کی پرشکوہ پیشکش "BIG NORTH ONTARIO" تھیٹر ۲ میں اور "REFLECTIONS" تھیٹر ۳ کے ساتھ تیار ہیں۔

فورم کا نیا گھومنے والا اسٹیج آپ کی تفریح طبع کے لیے کلاسیکی، جاز، فوک، راک، بیلے اور دوسرے پروگرام ہر رات کو پیش کرتا ہے۔ یہ تمام شو آپ اپنے داخلہ ٹکٹ میں بغیر مزید رقم ادا کیے دیکھ سکتے ہیں۔

ہمارے ریسٹورانٹ، SNACK BARS اور شراب خانے آپ کی خدمت کے منتظر ہیں۔ صنعت کاری کی دکانوں پر کاریگر معروف کاریگری اور BOUTIQUES پر آپ کے لیے نئی چیزیں ہیں۔ بچوں کا علاقہ CHILDREN'S VILLAGE چھوٹے شہریوں کے لیے علیحدہ تیار کیا ہے جو کینیڈا کا سب سے زیادہ ... کھیل کا میدان ہے۔ جنگی جہاز HMCS HAIDA اپنا GANGPLANK لیے کھڑا ہے، پیروں سے چلنے والی کشتیاں پانی میں تیرتی ہوئی ہیں۔ ... BOATS ... [illegible] ...

اونٹاریو ... [illegible] ...

اوقات: ... [illegible] ...

موسم گرما کا روزانہ پروگرام ۲۲ مئی (وکٹوریہ ڈے ویک اینڈ) سے لیبر ڈے ویک اینڈ تک ۔ پارک ہفتے کے سات دن کھلا رہے گا۔
موسم خزاں میں ویک اینڈ پروگرام: ۱۱ ستمبر سے ۱۱ اکتوبر (ویک اینڈ) ... پارک صرف ہفتہ، اتوار اور ... کے دن کھلا رہے گا۔

عام داخلہ فیس:
بالغوں کے لیے (۱۸ سال سے اوپر) ۲ ڈالر، ۹ بجے رات کے بعد ایک ڈالر
جونیئر کے لیے (۱۳ سے ۱۷ سال تک) ایک ڈالر فی کس
بچے جو خود سے آئیں (۱۲ سال سے کم) ایک ڈالر
بچے جو والدین کے ساتھ ہوں (۱۲ سال سے کم) ۵۰ سینٹ
اونٹاریو کے ... شہریوں کا داخلہ مفت ہوگا۔
نوٹ: فیس اور بعض پالیسیوں میں ... [illegible] ... (416) 965-7619 ...

Ontario Place 955 Lakeshore Blvd. West, Toronto Ontario, Canada (416) 965-6332
Mailing Address: Ontario Place Corporation, 8 York Street, Toronto, Ontario, Canada M5J 1R2

ontario place

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

اونٹاریو میں ... تعلیم یافتہ ... ۲۵ سالہ نوجوان ... کے لیے ... پاکستانی ... لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے ...

(416) 967 5766

●

ٹورانٹو میں مقیم ایک پاکستانی لڑکی جس کی عمر ۲۵ سال سے کم ہو لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے خط لکھیے:
S. S. C/o CRESCENT

●

برائے فروخت

۱۹۷۲ کی فوکس ویگن اچھی حالت میں فروخت کی جا رہی ہے۔ مزید معلومات کے لیے فون کیجیے:

424-3084

مبارک باد

خالد بخاری ٹورانٹو میں "شان سپر مارکیٹ" کے افتتاح پر ان کے منتظمین و مالکین کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

ادارہ کریسنٹ "شان سپر مارکیٹ" کے شاندار آغاز پر اس کے مالکین کو تہنیت و مبارکباد پیش کرتا ہے اور دعاگو ہے کہ اس مارکیٹ کو دن دونی ترقی حاصل ہو۔

CAPITOL TRADERS

پاکستان جانے سے پہلے اپنی ٹائیفائڈ کا ٹیکہ کرانا نہ بھولیے!
آپ کی سہولت کے لیے ہم امپورٹ پرمٹ اور دیگر تمام کاغذی کارروائی کا خود انتظام کرتے ہیں

ٹی وی، ریفریجریٹر اور بجلی کا سامان لے جانے کے لیے بھی ہماری خدمات حاصل کریں۔

CAPITOL TRADERS
P. O. BOX 953,
WINDSOR, ONT.
WINDSOR (519) 256 ....
TORONTO (416) 465 5412

[illegible]

[illegible]

[illegible]

جام نو

زندگی

بڑی حسین ہے زندگی
فدا ہے جس پہ ہر بشر — وہ نازنیں ہے زندگی
بڑی حسین ہے زندگی

یہ زندگی وہ چیز ہے — جو حسن کی کنیز ہے
خزاں میں رہ کے بھی اسے — بہار کی تمیز ہے
چمن چمن ہے زندگی — زمیں زمیں ہے زندگی
بڑی حسین ہے زندگی

کبھی گلوں کے رس میں ہے — کبھی خزاں کے بس میں ہے
کبھی کسی کی بزم میں — کبھی کسی قفس میں ہے
ہواؤں میں فضاؤں میں — جہاں کہیں ہے زندگی
بڑی حسین ہے زندگی

[illegible]
[illegible] چھپا ہوا — وہ بانکپن تلاش کر
جسے کوئی نہ پا سکے — [illegible] ہے زندگی
بڑی حسین ہے زندگی

[illegible]
[illegible]
[illegible] — [illegible] ہے زندگی
بڑی حسین ہے زندگی

چٹکیاں

ایشیائی ممالک میں روز وزیر اعظم بدلتے رہتے ہیں ان کے نام معلوم کرنے کے لئے صبح کا اخبار دیکھنا ضروری ہوتا ہے۔ ان حالات میں وزراء تو پر لگنے سے پہلے ہی اڑ جاتے ہیں [illegible] ایشیا کے ممالک [illegible]

ہمارا ملک پاکستان بھی روز بروز ترقی کرتا دو قدم آگے اور تین قدم پیچھے چلا جا رہا ہے۔ اب ترقی کی حالت یہ ہو گئی ہے کہ [illegible]

[illegible]

مولوی

[illegible]

اذکار و افکار

ہماری ڈاک

محترم ایڈیٹر صاحب!

[illegible]

[illegible] واپس [illegible]
ڈاکٹر [illegible]

نظم — مشیت

حفیظ اکبر قریشی [illegible]

جھیل کے اس پار
[illegible]
[illegible]
آئندہ سال جب برف ہو گی
تو یہ جھیل پھر برف بن جائے گی
لیکن اس وقت
اس کی کبھی اونچی اٹھتی ہوئی
اور کبھی مدھم
اور کبھی ہلکی نیلی اور کبھی سبز لہری
یا برف کف آلود پہاڑی لہریں
ساحلی ریت تک آتی ہیں [illegible]
یہ لامتناہی سلسلہ
ساحل پہ بیٹھے [illegible]
زندگی کا یہ ہنگامہ [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
کیا یہی مشیت ہے!



مسز مارگیرٹ ٹروڈو — کی انفرادیت پسندی

ترجمہ: محمد قیوم اعتصامی

... ایسے خاندان اور ... کر ... ہے
گہری دلچسپی ہے۔ میرا خیال ہے کہ گھر کی حیثیت ایک معاشرہ میں بہت اہمیت رکھتی ہے اور میں اس اہمیت کو دل وجان سے چاہتی ہوں کیونکہ ہم انسان ہیں اور مل جل کر رہنے کا تصور انسان کا قدرتی ورثہ ہے دنیا کے جن معاشروں میں خاندانی تصور موجود نہیں ہے آجکل ان معاشروں کی حالت انتہائی ناگفتہ بہ ہے مجھے خاندان سے وابستگی کے تصور سے جذباتی لگاؤ ہے۔ خدا نہ کرے کہ انسان کا خاندانی شیرازہ بکھر کر رہ جائے۔"

ان دنوں مختلف ممالک میں "اسقاط حمل" اور "تحدید نسل" کے مسائل پر بہت گرما گرم بحث ہو رہی ہے۔ میں دونوں میں اعتدال پسند نظریات رکھتی ہوں۔ ایک عورت نسل آدم کی بانی ہے اور ایک عورت کو ہمیشہ مستند تحریکوں اور نظریات کا ساتھ دینا چاہیے کیونکہ انہی سے اس کی روحانی اور دلی خوشی وابستہ ہے۔

مارگیرٹ کا دینکوور کے جس خاندان سے تعلق ہے وہ ایک امیر خاندان ہے اور اس کی سیاسی شہرت بھی ہے ان کے والد لبرل پارٹی کی کابینہ میں وزیر بھی رہ چکے ہیں ان کی چار بہنیں ہیں ان کے خاندان کے بارے میں کبھی کسی نے کوئی حرف گیری نہیں کی کیونکہ وہ ایک موقر خاندان ہے۔

انہوں نے عورتوں کی عالمی تحریکوں اور حقوق کی بازیافت کے لیے کام کرنے والی جماعتوں کے بارے میں ایک بار کہا تھا۔

"مجھے حیرت ہے کہ ایک عورت اپنا بیشتر وقت اپنے لباس کی وضع قطع سنوارنے یا اس فیشن کی پیروی کے لیے تشویش میں گزار دیتی ہے جس سے اسے کچھ حاصل نہیں ہوتا لیکن وہ کبھی اس امر کے لیے جستجو نہیں کرتی کہ اس کے آگے کیا ہو رہا ہے یا کیا آنے والا ہے۔ کیونکہ تب اس سے یہ نہیں جانا جاتا کہ ... عورت کو یہ ثابت کرنا ... اور کیا ہیں لباس میرے نزدیک ایک ثانوی حیثیت رکھتا ہے اور ثانوی چیزوں کی زندگی میں کوئی مستقل حیثیت نہیں ہوتی۔ انہوں نے پچھلے دنوں ایک ٹی وی انٹرویو میں کینیڈا کی عورتوں سے کہا تھا کہ وہ ماں کے کردار کے علاوہ وہ کردار ادا کرنے کے لیے میدان عمل میں اتر آئیں جس سے ایک معاشرہ کی خوشحالی کی داغ بیل ڈالی جاتی ہے۔

مسز مارگیرٹ ٹروڈو اپنے گھر میں۔ عقب میں مسٹر ٹروڈو بھی نظر آ رہے ہیں

اگرچہ جناب ٹروڈو کی عمر ۵۰ برس ہے۔ مارگیرٹ کا کہنا ہے انہیں اس بات پر کوئی فکر نہیں ہے کیونکہ وہ ایک اچھے شوہر بھی ہیں۔

مسز مارگیرٹ ٹروڈو نے ایک بار کہا تھا:
"کینیڈا کے وزیر اعظم کی رفیقۂ حیات ہونے کے ناطے سے اکثر ان کے اندر بھی "پھول لڑکی" مر جاتی تو میں یہ سمجھوں گی کہ میری شخصیت کا ایک اچھا پہلو ضائع ہو گیا ہے۔"

پھول کے تصور کی صراحت کچھ ضروری معلوم ہوتی ہے شادی کے بعد کوئی بھی عورت دلہن باقی نہیں رہ سکتی کیونکہ ایک بیوی اور ماں کا کردار اس کے چہرے پر بہاروں کی شگفتگی و تازگی کو پس منظر میں لے جاتا ہے مگر شادی کے پانچ سال بعد بھی مسز مارگیرٹ کا شخص تر و تازہ ہے اور ان کی وہ شوخ طبعی بھی موجود ہے ان کی عمر ۲۰ برس ہے اور وہ تین بچوں کی ماں ہیں۔ پچھلے دنوں کینیڈا کے وزیر اعظم جناب ٹروڈو نے لاطینی امریکہ کے ممالک کا دورہ کیا تھا۔ مارگیرٹ نے جس بیباکی کے ساتھ سفارتی آداب کو پس پشت ڈالا اس پر کینیڈا بھر میں حیرت کا اظہار کیا گیا تھا۔ مارگیرٹ طبعاً سفارتی تقاریب اور سرکاری مجالس میں "آداب میزبانی" کو ناپسند کرتی ہیں۔ میکسیکو میں انہوں نے سرکاری آداب کو بالائے طاق رکھ کر ایک سنیک بار میں بیٹھ کر مشروب پیا کیوبا کی ایک عام سی تقریب میں انہوں نے ٹی شرٹ پہن کر شرکت کی اور وینزویلا میں انہوں نے ایک سرکاری دعوت میں مہمانوں کو گیت گا کر محظوظ کیا۔ کینیڈا کے لوگوں کو اس پر صدمہ بھی ہوا اور خوشگوار حیرت بھی۔ اور کچھ لوگوں نے مسز مارگیرٹ کی ان سرگرمیوں کو اپنے شخص کی انفرادیت کے اظہار کا ذریعہ قرار دے کر اطمینان کا اظہار کیا تھا۔

بہرحال انہوں نے دورہ سے واپسی پر کہا تھا "آداب میزبانی انہیں ایک طرح کے عذاب میں مبتلا کر دیتے ہیں تاہم میں آئندہ انہیں ملحوظ رکھنے کی کوشش کروں گی۔"

آپ اپنے لباس کو
نہ دیکھیں یہ دیکھیں کہ
آپکے آگے کیا آنے والا ہے

ان کے اس اظہار سے ناگواری طبع کا اظہار بھی ہوتا۔ ان کا خیال ہے ایک عورت کو ایک مرد کی طرح یہ حق بہرحال نہیں حاصل کہ وہ جو چاہے کرے آج سے تین برس قبل انہوں نے ریڈیو کے ایک انٹرویو میں اس قسم کے خیالات کا اظہار کیا تھا جن پر خاصی لے دے ہوئی تھی۔ ان کے خیالات میں ایسی تبدیلی یک بیک نہیں پیدا ہوئی بلکہ یہ کینیڈا کے ۱۹۷۴ء کے انتخابات کی بات ہے جب وہ اپنے شوہر مسٹر ٹروڈو کی رفاقت میں ووٹروں کی حمایت حاصل کرنے جایا کرتی تھیں۔ عام سطح پر ان کی مصروفیات کی وجہ سے وزیر اعظم کے سیکرٹریٹ کو دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور مسٹر ٹروڈو ان کی شخصی آزادی میں مداخلت نہیں کرنا چاہتے مگر عام لوگوں کی طرف سے مارگیرٹ کی باہر کی مصروفیات پر نکتہ چینی نے انہیں آزردہ بنا دیا ہے۔ پچھلے برس شدید ذہنی دباؤ کی بنا پر انہیں دس بارہ روز ہسپتال میں بھی داخل رہنا پڑا تھا۔

تب انہوں نے اپنے ذہنی دباؤ کی وجہ یوں بیان کی تھی۔

"کہیں ... ٹروڈو ... شادی کی ہے وزیر اعظم سے نہیں۔"

"مگر ... وزیر اعظم ... ہونے کی وجہ سے ان کی ذاتی آزادی ختم ہو کر رہ گئی ہے۔ کیونکہ ہفتہ بھر کی مصروفیات سرکاری اور نجی کاموں کی وجہ سے دو جگہ بٹ کر رہ جاتی ہیں جبکہ میں صرف گھریلو مصروفیات کو ترجیح دیتی ہوں مگر وزیر اعظم کی بیوی ہونے کی وجہ سے میں ایسا نہیں کر سکتی۔"

آپ کی صحت ■★★★■★★★■ حکیم ...

ائمہ مطہرین کی طبی ہدایات

■★★★■★★★■★★★■★★★■★★★■★★★■★★★■★★

*

مسلمان شیعہ اور سنی مکاتیب فکر کے حاملین کو آئمہ مطہرین سے بڑی عقیدت ہے۔ آئمہ مطہرین سے ارادت و نیازمندی کے جذبات سے سرشار ہیں۔ آئمہ مطہرین کو اسلام کے گلدستہ کی حیثیت حاصل ہے۔ آئمہ مطہرین کا احاطہ علم و فضل بڑا وسیع تھا۔ فقہ حنفی کے بانی امام ابو حنیفہ نے حضرت امام جعفر صادق سے تعلیم و تربیت حاصل کی۔ جب سادات نے عباسی خلفاء کے خلاف اعلانیہ کھلا حق بلند کیا تو امام ابو حنیفہ نے سادات کی پر زور حمایت کی اس سے عباسی خلفاء ناراض ہو گئے۔ اس کی پاداش میں امام ابو حنیفہ کو زہر دیا گیا۔ آئمہ مطہرین نے طب کو بھی اپنے التفات سے سرفراز فرمایا۔ ان کی طبی ہدایات بڑی جامع ہیں ان پر عمل پیرا ہو کر انسان صحت مند رہ سکتا ہے۔ مسلمان آئمہ مطہرین سے بڑی عقیدت و محبت رکھتے ہیں۔ ان کا فرض ہے کہ آئمہ کی طبی ہدایات پر عمل کریں۔ آئمہ مطہرین کے بعض نسخے بڑے اکسیر اور موثر ہیں۔

طبی ہدایات

انسانی جسم کے بارے میں شیر خدا حضرت علیؓ کا فرمان بڑا جامع اور بصیرت افروز ہے امیر المومنین نے فرمایا کہ کیا تجھے گمان ہے کہ تو جرم صغیر (چھوٹا جسم) ہے حالانکہ ایک بڑا عالم تجھ میں ہے۔

حضرت علیؓ نے انسانی جسم کو عالم سے تعبیر کیا ہے۔ جدید سائنس اور طبی تحقیق سے اس امر کا انکشاف ہوا کہ انسانی جسم میں ایک پورا جہان آباد ہے۔ گویا جن سائنسی اور طبی حقائق کو مغرب نے آج دریافت کیا ہے۔ حضرت علیؓ نے چودہ سو برس پہلے ارشاد فرمایا تھا۔ حضرت علیؓ کی ذات گرامی علم و معرفت اور عقل و دانش کا خزانہ تھی۔ سرکار دو عالم رسول خدا صلعم کی حدیث قدسی ہے کہ میں علم کا شہر ہوں اور حضرت علیؓ اس کا باب (دروازہ) ہیں۔

انجیر

حضرت امام رضا نے انجیر کھانے کی ہدایت فرمائی انجیر کا تذکرہ قرآن پاک میں بھی ہے۔ حضرت امام رضا نے فرمایا کہ انجیر بدن کے سدوں کے لیے مفید ہے۔ منہ کی بدبو کا علاج ہے ہڈیوں کے لیے فائدہ مند ہے۔ اس کے کھانے سے بدن پر بالوں کی افزائش ہوتی ہے۔

کھانے کے درمیان پانی

حضرت امام رضا کا ارشاد ہے کہ کھانے کے درمیان پانی نہیں پینا چاہیے۔ اس سے معدہ کمزور ہو جاتا ہے۔ اطباء بھی اس رائے کے حامی ہیں۔

کاہو

حضرت امام جعفر صادق کا ارشاد ہے کہ کاہو خون کے جوش کو دور کرتا ہے یونانی میں کاہو کو تخم ترد و اشتہا کہتے

خرفہ کا ساگ

حضرت امام جعفر صادق نے فرمایا کہ سب سے عمدہ اور مفید ساگ خرفہ (کلفہ) ہے اس کے کھانے سے ذہانت بڑھتی ہے۔

مسواک

امام جعفر صادق نے مسواک کی بڑی تاکید فرمائی اور کہا کہ مسواک آنکھوں کی تقویت کا باعث ہے۔

آنکھیں دکھنا

امیر المومنین حضرت علیؓ کا ارشاد گرامی ہے کہ آنکھیں دکھنے کی صورت میں کھجور کھانے اور بائیں جانب لیٹنے سے پرہیز لازم ہے۔

انگور

حضرت امام رضا نے فرمایا کہ انگور جگر کے لیے مفید ہے اور آنکھوں کو طاقت دیتا ہے۔

ایک حدیث مقولہ ہے۔
العلم العلمان۔ علم الابدان و علم الادیان
ترجمہ علم دو ہیں۔ طب وصحت کا علم اور دین کا علم۔

مسلمان اطباء نے چودہ سو برس قبل علم طب کو اس قدر اہمیت دی کہ اس کا تذکرہ علم دین سے بھی پہلے کیا طب کا تعلق انسانی صحت سے ہے۔ اسلامی تعلیمات کی رو سے انسان اشرف المخلوقات ہے۔ اس لیے انسانی صحت کے بارے میں علم کو بھی ترجیح حاصل ہے۔ اسلام نے علم طب کو منزلت بخشی۔ آئمہ مطہرین نے دیگر علوم کے علاوہ طب کی جانب بھی التفات کیا۔ انہوں نے مختلف مواقع پر مجربات بیان کئے۔ طبی نقطۂ نگاہ سے بھی یہ مجربات افادیت سے بھرپور اور موثر ہیں۔

ادبی، رومانی اور سیاسی نیرنگیوں کا حسین امتزاج

پبلی کیشنز کی پیشکش

گل رنگ ورلڈ ڈائجسٹ

۸۰۔ ویسٹ ووڈ ایونیو

ٹرانٹو (انٹاریو) کینیڈا

فی پرچہ: ڈیڑھ ڈالر — زرِ سالانہ: پندرہ ڈالر

شمالی امریکہ میں پاکستان کی معیاری فلموں کو

فروغ دینے والا واحد ادارہ

ایورنیو فلمز — اٹاوہ — کینیڈا

... پاکستانی فلموں ... بہترین فلمیں پیش کرتے ہیں

... اردو رنگین	آنچل ... رنگین
عورت، زندگی ہے — اردو رنگین	انسان اور فرشتہ — اردو رنگین
پردہ نہیں رہنے دو — اردو رنگین	اک گناہ اور سہی — اردو رنگین

شمع — اردو رنگین (... فلمیں ۱۶ ملی میٹر ہیں)

مزید معلومات یا بکنگ کے لیے فون کیجیے: (613) 238 2625

مقبول مزاحیہ اداکار منور ظریف انتقال کر گئے

آج صبح بی بی پاک دامن کے قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا

منور ظریف

لاہور ـــــ [illegible] ملک کے معروف و مقبول مزاحیہ اداکار منور ظریف عارضہ قلب میں کئی ماہ تک مبتلا رہنے کے بعد آج سہ پہر یونائیٹڈ کرسچین ہسپتال میں انتقال کر گئے۔ مرحوم کی عمر ۳۰ سال تھی اور ان کے پسماندگان میں بیوہ، دو بیٹیاں اور ایک لڑکا شامل ہے۔ مرحوم کو پانچ ماہ قبل یونائیٹڈ کرسچین ہسپتال میں داخل کرایا گیا تھا اس وقت ان پر تیسری مرتبہ دل کا دورہ پڑا تھا۔ ڈیڑھ ماہ قبل وہ ہسپتال سے گھر منتقل ہو گئے [illegible] وہاں ان کا علاج کرتے رہے [illegible] منور ظریف پر چوتھی مرتبہ دل کا دورہ پڑا جس پر آج [illegible] انہیں یونائیٹڈ کرسچین ہسپتال میں منتقل کر دیا گیا وہاں [illegible] نے انہیں بچانے کی بہت کوشش کی لیکن انہیں کامیابی نہ ہوئی اور تقریباً تین بجے سہ پہر ان کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ ممتاز کامیڈین کی وفات کی خبر آناً فاناً سارے شہر میں پھیل گئی اور ہزاروں لوگ مرحوم کی رہائش گاہ واقع گلبرگ پر جمع ہو گئے وہاں پر پولیس کو کئی بار مجمع کو منتشر کرنا پڑا۔ مرحوم کے سوگ میں آج جمعہ کو تمام [illegible] میں کام [illegible]

مرحوم کے والد اور بھائی منیر ظریف نے جائے حادثہ کو بتایا کہ ان کے خاندان کو ظریف کا نام [illegible] منیر ظریف نے بتایا کہ ان کے دو بڑے بھائی ظریف اور رشید ظریف [illegible] پا چکے ہیں۔

منیر ظریف نے [illegible] بتایا کہ [illegible] اپنا نام منیر رکھیں گے اور ان کے چھوٹے بھائی [illegible] اپنا نام عبدالمجید رکھیں گے [illegible]

دوسرے روز [illegible] جنازہ [illegible] ہو گئی

بنگلہ دیش پاکستان سے روئی، مشینری، فولاد کی مصنوعات اور چمڑے کا سامان درآمد کرنے کا خواہشمند ہے

تجارتی معاہدے کے بعد بحری جہازوں کی سروس کا معاہدہ کیا جائے گا

ابتدائی مذاکرات پہلے ہی مکمل ہو چکے ہیں، کراچی پہنچنے پر بنگلہ دیشی وفد کا بیان

اسلام آباد ـــــ (اپ پ) بنگلہ دیش کا ایک چار رکنی تجارتی وفد اپنے سیکرٹری تجارت مسٹر [illegible] الرحمن کی قیادت میں آج پاکستان پہنچ گیا۔ وفد پانچ دن پاکستان میں قیام کرے گا۔ اور پاکستانی حکام سے بنکاری، تجارت اور شہری فضائی پروازوں کی بحالی کے بارے میں اہم گفت و شنید کرے گا۔ پاکستان پریس انٹرنیشنل کے مطابق بنگلہ دیش پاکستان سے کپاس، سوت، [illegible]، تیار ملبوسات، کمبل، دریاں اور ٹیکسٹائل کے لئے مشینری، ڈیزل انجن، کھیلوں کا سامان، جراحی کے [illegible] خشک اور تازہ میوہ جات، کٹلری، ادویہ، بجلی کا سامان، جنریٹر، [illegible] لوہا اور فولادی مصنوعات، جوتے، [illegible] سامان، کیمیاوی اشیاء، [illegible] سنگ مرمر کے [illegible] مشینیں [illegible] چمڑے کا سامان، شیشے کا سامان اور دیگر دستکاری کا سامان درآمد کرنا چاہتا ہے۔

بنگلہ دیش پاکستان کو پان، چھالیہ، پٹ سن، پٹ سن کی مصنوعات، مصالحے، چائے، [illegible] وغیرہ درآمد کرنے میں دلچسپی رکھتا ہے۔

مراکش کے خاص ایلچی عبدالرحیم نے اسلام آباد میں صدر فضل الہی چوہدری کو شاہ حسن کا پیغام پہنچایا



Bicycling has changed, and so have bicycle safety rules.

This is what Ontario is doing to bring bicycle safety up-to-date

اس وقت انٹاریو میں تقریباً ۲ ملین بائیسکل ہیں۔ پچھلے سال انٹاریو کی گلیوں اور شاہراہوں پر ۵۹ سائیکل سوار فوت اور ۲،۷۲۰ زخمی ہوئے۔ اس قسم کا ایک حادثہ بھی بہت زیادہ ہے۔
ہمارا اصرار ہے کہ آپ خود کو بھی اور اپنے خاندان کو بھی حفاظت کے ساتھ سائیکل سواری کرنے کے سادہ اصولوں سے واقف کریں۔ تمام ٹریفک [illegible] کی علامتوں پر عمل کریں۔ یہ بات ذہن میں رکھیئے کہ ہائی وے ٹریفک ایکٹ کے تحت بائیسکل بھی ایک گاڑی ہے جس پر آپ صرف سوار ہی نہیں ہوتے بلکہ جسے چلاتے بھی ہیں۔ اور [illegible]

انٹاریو چاہتی ہے کہ ہر سائیکل چلانے والا حفاظت سے سفر کرے۔ اسی بنا پر انٹاریو کی ٹرانسپورٹ اور کمیونیکیشن کی وزارت نے تین نہایت ہی عام فہم کتابچے شائع کئے ہیں۔ جنہیں ہر سائیکل سوار کو پڑھنا چاہیئے۔ ان کے نام یہ ہیں:

"The Bicyclist's Handbook,"
"Ontario Laws and Your Bicycle,"
"How To Be an Expert Cyclist."

یہ مفت کتابچے حاصل کرنے کے لئے اس پتے پر لکھیئے:

Public & Safety Information Branch
Ministry of Transportation and Communications
1201 Wilson Avenue
Downsview, Ontario M3M 1J8

Ministry of Transportation and Communications
James Snow, Minister

William Davis, Premier

Province of Ontario

PANTH KHALSA

INDIA HAS HER OWN PRISONERS OF CONSCIENCE WHAT ABOUT THEM ?

INDIA HOUSE
Mini India
Stories of corruption & nepotism
SPECIAL ARTICLE IN NEXT MONTHS

WILL SHE THINK ABOUT THEM !
Before she takes the case of Khan Badshah !

لندن سے شائع ہونے والے پنجابی اخبار کے ترجمان اخبار کے صفحہ اول کا عکس

بھارت کی زیر زمین اپوزیشن نے لندن سے ترجمان اخبار نکال لیا

خفیہ تحریک کے لئے کئی لاکھ روپیہ مقرر کی گئی ہے

اندرا حکومت کی آمرانہ پالیسیوں کے خلاف مہم زور پکڑ گئی

لندن۔ بھارت میں جمہوری قدروں کی پامالی اور شہریت کے حقوق ... کے خلاف جو زیر زمین تحریک شروع ہو چکی ہے اس نے لندن میں اپنا دفتر قائم کر لیا ہے اور اب اپنا ترجمان اخبار بھی ... شروع کر دیا ہے ...

پاکستان اسلام کا بول بالا کرتا رہے گا
ایرانی شیعہ مجتہد کا اظہار محبت و عقیدت

اسلام آباد ... ایران کے شہر قم کے ممتاز شیعہ مجتہد ... شریعت مداری نے وفاقی وزیر برائے مذہبی امور مولانا کوثر نیازی کے نام اپنے ایک تار میں اپنے اس عقیدے کا اظہار کیا ہے کہ پاکستان اسلام کے نام پر قائم ہوا تھا اور وہ ... اسلام کا بول بالا کرتا رہے گا ...

پشتون طالب علم رہنما گرفتار کر کے حیدرآباد جیل پہنچا دیا گیا

...

یکم جون مردم شماری کا دن ہے
اور ہر آدمی کا شمار اہمیت رکھتا ہے

پر انحصار کرتا ہے۔ ہمیں علم ہے کہ ... اس کام میں اپنی مرضی سے حصہ لیتے ہیں کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ اس سے ان کے ملک اور ان کی کمیونٹی کی مدد ہوتی ہے۔

مدد کیسے حاصل کی جاسکے؟

آپ کو جو سوالنامہ ملے گا اس کے ساتھ ملنے والے ہدایت نامے سے سوالات کے جواب دینے میں مدد ملے گی۔ لیکن اگر کسی چیز کے بارے میں آپ کو مزید وضاحت کی ضرورت محسوس ہو تو اپنے سوالنامے پر چھپے ہوئے امدادی خدمات کے ٹیلی فون پر رابطہ قائم کیجئے۔

اگر آپ کو سوالنامہ نہ ملے تو کیا کرنا ہوگا؟

اگر ہم نے غلطی سے آپ کو سوالنامہ نہیں بھیجا ہے یا مردم شماری کا یہ سوالنامہ آپ کو اپنی سرکاری زبان (انگریزی یا فرانسیسی) میں نہ ملے تو فون پر LONG DISTANCE آپریٹر سے ZENITH 0-1976 کی کال مانگیے۔ اس فون پر کوئی خرچ نہیں ہوگا اور آپریٹر آپ کو قریبی امدادی خدمات کے ٹیلی فون سے ملا دے گی۔

بات ہمیشہ راز میں رہے گی

آپ کا مکمل کیا ہوا سوالنامہ صرف کینیڈا کے محکمۂ اعداد و شمار کا عملہ دیکھے گا جو کہ معلومات کو پوشیدہ رکھنے کی قسم اٹھاتا ہے۔ اگر وہ آپ کے جوابات کسی پر بھی ظاہر کریں تو سخت قانونی سزاؤں کی گرفت میں آجاتے ہیں۔ اس کے علاوہ کسی دوسرے شخص یا حکومت کے محکمے کی رسائی آپ کے جوابات تک نہیں ہوگی۔

یہ کام آپ کے بغیر مکمل نہیں ہوگا

یہ یاد رکھیے کہ آپ کے گھر میں رہنے والے ہر فرد کا شمار ہونا ضروری ہے۔ اور آپ کے سوالنامے میں پوچھی ہوئی تمام باتوں کا جواب دینا بھی ضروری ہے۔ ہم سب کینیڈا کا مستقبل بنانے میں اپنا حصہ لیتے ہیں۔ اس لیے ہماری مدد کیجئے تاکہ ہم کینیڈا کی مردم شماری کو مکمل طور پر کامیاب بنا سکیں۔

سہ شنبہ یکم جون کو کینیڈا میں مردم شماری عمل میں آئے گی۔ اور اس سلسلے میں کینیڈا کی حکومت آپ پر مکمل اعتماد رکھتی ہے کہ آپ اپنے سوالنامے کی پوری طرح تکمیل کریں گے۔ سوالات بہت آسان ہیں اور ان کا جواب لکھنے میں زیادہ وقت نہیں لگتا۔

مردم شماری کیسے ہو؟

آئندہ چند دنوں کے اندر اندر مردم شماری کا نمائندہ آپ کے گھر پر مردم شماری کا سوالنامہ پہنچا دے گا۔ آپ اپنا سوالنامہ انگریزی یا فرانسیسی میں ... کر سکتے ہیں ...

مکمل ہو تو اپنا تکمیل کیا ہوا سوالنامہ ڈاک میں ڈال دیجئے۔ مردم شماری کا نمائندہ اسے آپ کے گھر سے مردم شماری کا فارم جمع کرنے کے بعد لے جائے گا۔

ہم کیوں مردم شماری کرتے ہیں؟

مردم شماری کے موقعہ پر بعض باتیں صرف آپ ہی بتا سکتے ہیں۔ ان معلومات سے آپ کی کمیونٹی اور آپ کے ملک کے اعداد و شمار کے خاکے کو تازہ (UPDATE) کرنے میں مدد ملتی ہے۔ آئندہ برسوں میں تمام کینیڈا ... کے لیے ... منصوبے بنانے میں مردم شماری سے حاصل کی ہوئی معلومات ... ہوگی۔

...

کینیڈا ... آپ ... والنامے کو ... طرح مکمل کریں گے۔

Statistics Canada Statistique Canada

جہیز و تحائف کی مالیت ۵ ہزار روپے سے زائد نہیں ہوگی، خلاف ورزی پر چھ ماہ قید اور دس ہزار روپے جرمانہ کی سزا دی جا سکے گی

جہیز بل سے اسلام کا قانون وراثت متاثر نہیں ہوتا: کوثر نیازی

ذرائع ابلاغ کے ذریعے عوام کے ذہنوں میں انقلاب لایا جائے: مفتی محمود

اعلیٰ سرکاری افسر صرف رشتہ داروں سے تحائف وصول کر سکیں گے، قومی اسمبلی میں جہیز بل منظور کر دیا گیا

اسلام آباد — (اپ پ) قومی اسمبلی میں آج جہیز بل پیش کر دیا گیا [illegible]

پاکستان اور بنگلہ دیش ایک اور تجارتی معاہدے کی تفصیلات طے کر رہے ہیں

ڈھاکہ — ریڈیو رپورٹ) پاکستان اور بنگلہ دیش حال ہی میں طے پانے والے تجارت کے عام معاہدے کے تحت ایک اور تجارتی معاہدے کی تفصیلات طے کر رہے ہیں جس میں تجارتی اشیاء اور ان کے تبادلے کا طریقہ کار متعین کیا جائے گا۔ یہ معاہدہ تین سال کے لئے ہوگا۔

پونڈ کے مقابلے میں روپے کی قیمت بڑھ گئی

کراچی — (اپ پ) پاکستانی روپے کا تعلق پونڈ سٹرلنگ سے ختم کرکے اسے ڈالر سے منسلک کر دیا ہے۔ اس کی قیمت میں پونڈ کے مقابلے میں ۱۰ فیصد اضافہ ہوا ہے۔ پاک بھارت جنگ کے بعد ۱۹۷۲ء میں روپے کی قیمت سب سے نچلی سطح پر پہنچ گئی تھی۔ اور اس وقت ایک برطانوی پونڈ ۲۶ روپے میں ملتا تھا۔ اس کے بعد سے روپے کی قیمت میں پونڈ کے مقابلے میں بتدریج اضافہ ہوا ہے۔ اور اس وقت اوپن مارکیٹ میں پونڈ کی قیمت ۱۸ سے ۱۹ روپے کے درمیان ہے۔

خصوصی فوجی عدالت نے [illegible] کے خلاف فرد جرم عائد کر دی

میں جرم کی صحت سے انکار کرتا ہوں، صفائی پیش کروں گا: ملزم

حنیف رامے کو لاہور سے کیمبل پور منتقل کرنے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست

[illegible]

مصطفیٰ کھر اور ان کی بیگم کے خلاف مقدمہ

سماعت ۲۲ مئی پر ملتوی ہوگئی

[illegible]

بھارت وفاقی پیداوار میں خود کفیل ہو چکا ہے: بنسی لال

نئی دہلی — (ریڈیو رپورٹ) بھارت کے وزیر دفاع بنسی لال نے کہا ہے کہ ملک میں دفاعی پیداوار صحیح طریقے سے جاری ہے اور بھارت دفاعی سامان میں خود کفیل ہو چکا ہے۔ مدراس میں اخبار نویسوں سے باتیں کرتے ہوئے انہوں نے کہ کہ دفاعی پیداوار کے سلسلے میں صلاحیتوں سے پورا پورا فائدہ اٹھایا جا رہا ہے۔

کراچی میں قائم ہونے والا بنگلہ دیش کا تجارتی مشن پاکستانیوں کو ویزے جاری کریگا

بنکاری، جہازرانی اور تجارت سے متعلق تین پاکستانی وفد ڈھاکہ آئیں گے: مطیع الرحمٰن

کراچی — (اپ پ / ریڈیو رپورٹ) اگلے ماہ کراچی میں بنگلہ دیش کا جو تجارتی کمیشن قائم کیا جائے گا وہ بنگلہ دیش کا دورہ کرنے کے خواہشمند پاکستانیوں کو ویزا بھی جاری کر سکے گا۔ یہ انکشاف بنگلہ دیش کے تجارتی وفد کے قائد مسٹر مطیع الرحمٰن نے کیا۔ انہوں نے اس امر کا یقین دلایا کہ وہ ایوان صنعت و تجارت پاکستان کراچی حکومت کا درآمد و برآمد کی پالیسیوں کے بارے میں سرکاری اعلانات کی کاپیاں فراہم کریں گے۔

وطن عزیز کے استحکام اور خوش حالی کے لئے آگے بڑھئے
اور اس بات کا فیصلہ کیجئے کہ آپ ہمیشہ
اپنی قومی ایئرلائن پی آئی اے کے ذریعے سفر کریں گے

NORTH AMERICAN HEADQUARTERS:
545 - 5th AVENUE, N. Y. 10017
Telephone: (212) 949-0450

CONTACT OUR OFFICES IN USA

NEW YORK
Executive Offices
545 Fifth Avenue 10017
(212) 949 0450
Ticket and Reservations
551 Fifth Avenue 10017
(212) 949 0477

HOUSTON
1 Greenway Plaza East
(713) 626-2061

CHICAGO
Rooms No. 721 22
Monroe Building
104 SOuth Michigan Avenue 60603
(312) 263-3082

WASHINGTON, D.C.
1027 17th Street, N.W. 20036
(202) 296-1755

SAN FRANCISCO
323 Geary Street 94102
(415) YU 2-3234

LOS ANGELES
Crocker Citizens Plaza
631 West 6th Street 90017
(213) 626-0245

IN CANADA

1 Place Ville Marie, Suite 1010
(514) 861-2495

TORONTO
Toronto Dominion Center
Royal Trust Tower (Suite 1100)
P.O. Box 331
(416) 364-1375

ہزاروں مربع میل علاقے میں تیل کی تلاش کے لیے کھدائی جاری ہے

ساحل مکران کے قریب سمندر میں بھی تیل تلاش کیا جا رہا ہے۔ سینیٹ کا وقفہ سوالات

اسلام آباد ۔۔۔ (اے پی پی) سینیٹ میں وزیر قانون ۔۔۔ نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ بلوچستان ۔۔۔ ملک میں تیل کی تلاش کے لیے کھدائی کی جا رہی ہے۔

جے اے رحیم کی نقل و حرکت پر تین ماہ کے لیے پابندی لگا دی گئی

تخریبی کارروائیوں اور ملک دشمن سرگرمیوں کا الزام

سینیٹ میں خواجہ صفدر کی تحریک التوا پر وزیر قانون کی وضاحت

پی آئی اے کا پہلا جمبو جیٹ بوئنگ ۔۔۔ ۷۴۷ اسلام آباد پہنچ گیا

اسلام آباد ۔۔۔ (اے پی پی) ۔۔۔

SID TRAVELS

WORLD-WIDE TRAVEL

واحد پاکستانی ٹریول ایجنسی جو پاکستانیوں کے لیے [illegible] میں ٹکٹ فراہم کرتی ہے۔

پیرس، لندن، فرینکفرٹ، قاہرہ اور دیگر [illegible]

SAEED (SID) KHAN

الحاج سعید احمد

577 PELISSIER STREET
WINDSOR, ONTARIO

Telephone (519) 252-3353
Detroit (313) 961-3373
After Hours (519) 253-9319

پاکستان مشرق وسطیٰ کو ۵۰ ہزار تربیت یافتہ افراد مہیا کرے گا

وفاقی حکومت تکنیکی تربیت کے جامع منصوبے پر غور کر رہی ہے

لاہور ۔۔۔ (اے پی پی) معلوم ہوا ہے کہ مشرق وسطیٰ کو تربیت یافتہ کاریگروں کی بڑھتی ہوئی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے وفاقی حکومت پاکستان کی افرادی قوت کی تکنیکی تربیت کے لئے ایک نیا منصوبہ زیر عمل لانے پر پوری سنجیدگی سے غور کر رہی ہے۔ منصوبے کا مسودہ محنت، معاشرتی بہبود اور آبادی کی منصوبہ بندی اور بیرون ملک روزگار سے متعلق وزارت نے بنایا ہے اور خیال ہے کہ منظوری کے بعد اس پر اگلے مالی سال میں عمل درآمد شروع ہو جائے گا ۔۔۔ سرکاری اور غیر سرکاری تمام تکنیکی اداروں سے کام لیا جائے گا اور اندازہ لگایا گیا ہے کہ اس طرح پاکستان سالانہ ۵۰ ہزار تربیت یافتہ افراد مشرق وسطیٰ میں بھجوا سکے گا۔

علامہ اقبال پر بہترین کتاب لکھنے پر وزیر اعظم کا ایوارڈ اور نقد انعام دیا جائے گا

اسلام آباد ۔۔۔ (اے پی پی) وفاقی وزیر تعلیم عبدالحفیظ پیرزادہ نے جو اقبال کی صد سالہ تقریبات کی مجلس انتظامیہ کے چیئرمین بھی ہیں ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کے اختتام پر بتایا کہ شاعر اسلام علامہ اقبال کی زندگی ملت اسلامیہ کے لئے ان کی خدمات پر بہترین کتاب لکھنے والے کو نقد انعام دیا جائے گا ۔۔۔ علاقائی زبانوں میں بہترین کتاب لکھنے پر ۔۔۔ روپیہ نقد انعام دیا جائے گا ۔۔۔ روپیہ کا انعام مقرر کیا گیا ہے۔

تحریک استقلال کے رہنما گوہر ایوب گرفتار کر لیے گئے

ایبٹ آباد ۔۔۔ (ٹیلی فون سے) تحریک استقلال صوبہ سرحد کے چیئرمین اور سابق صدر ایوب خان مرحوم کے صاحبزادے مسٹر گوہر ایوب خان کو آج شام اس وقت گرفتار کر لیا گیا جب وہ ۔۔۔ اصغر خان کے ہمراہ ۔۔۔ ایک جلسے سے خطاب کرنے کے بعد ایبٹ آباد واپس جا رہے تھے ۔۔۔ ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت حراست میں لے لیا۔

تحریک استقلال پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل ۔۔۔ تحریک استقلال پنجاب کے سربراہ میاں محمود علی قصوری اور مرکزی سیکرٹری نشر و اشاعت ۔۔۔ نے اس گرفتاری کی شدید مذمت کی ہے ۔۔۔ بحال اور سیاسی جبر و تشدد کو ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

سندھ سے بھارت جانے والے افراد کو واپس پاکستان بھیجنے کے بارے میں بات چیت ہو رہی ہے

نئی دہلی ۔۔۔ ۱۹۷۱ء کی جنگ کے دوران پاکستان سے تقریباً ۔۔۔ ہزار افراد بھارت پہنچ گئے تھے ۔۔۔ پاکستان واپس بھیجنے ۔۔۔ بھارت کے وزیر ۔۔۔ نے آج پارلیمنٹ کو بتایا ۔۔۔ بھارت میں داخل ہوئے تھے۔ انہوں نے کہا ۔۔۔ ہو رہی ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم



ہم اللہ کے فضل و کرم سے اور نہایت خوشی کے ساتھ اعلان کرتے ہیں کہ ہم نے اللہ عزوجل کے حکم اور اپنے پیارے نبی صلعم کے ارشاد کے مطابق عین اسلامی طریقے پر **بہترین حلال گوشت و مرغیاں، حلال بریڈ اور بسکٹ** ہر موسم کا اعلیٰ خوشبودار فروٹ، تر و تازہ ہری بھری سبزیاں، شاندار مشرقی مرچ مصالحے و دالیں **بازار** کی نسبت مناسب داموں پر مہیا کر دیئے ہیں۔

اب ہماری بہنیں پاکیزہ اور صاف ستھرے ماحول میں اپنے گھر کی تمام چیزیں ایک ہی جگہ سے خرید سکتی ہیں۔

ہمیں خدمت کا موقعہ دیجئے اور ایک بار آزمائیے

شان سپر مارکیٹ

۔۔۔ فون ۱۲۸۰ ۔۔۔ ٹورنٹو ۔۔۔

اوقات کار: پیر تا بدھ صبح ۹ تا ۶ بجے شام ۔ جمعرات اور جمعہ صبح ۹ تا ۹ بجے رات
ہفتہ صبح ۹ تا ۶ بجے شام

لاہوری طرز کے لذیذ
"چھولے پوری"
ہر ہفتہ کو دوپہر
KOH - I - NOOR
CURRY CENTRE
ROAD
PHONE 923-2777

Please Visit Us for
Masalas, Rice,
Halal Meat & Dals

حلال گوشت اور مرغیاں
نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں
ٹورانٹو میں حلال گوشت کی
پہلی دکان
فریزر میں ذخیرہ کرنے کا گوشت ہم سے کم قیمت پر طلب فرمائیے

Afro Asian
918 PAPE AVENUE,
TORONTO
Phone 463-1287

مسلح افراد نے چوکیدار اور چپراسی کو باندھ کر مسلم لیگ کے مرکزی دفتر کا ریکارڈ چوری کیا

ڈاکوؤں نے تمام کمروں اور الماریوں کے تالے توڑ ڈالے

واردات کی ذمے داری سرکاری ایجنسی پر عائد ہوتی ہے۔ ملک محمد قاسم

لاہور ۔۔۔۔ پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی دفتر مسلم لیگ ہاؤس ڈیوس روڈ کے مین گیٹ کا تالا توڑ کر ۲۲ اپریل کی رات کو بارہ بجے تھوڑوں اور پیچ کش سے مسلح سادہ لباس میں دس بارہ آدمی عمارت میں داخل ہوئے اور انہوں نے دفتر میں موجود چوکیدار حنا، چپراسی منظور اور ایک ملازم کو جبراً ایک کمرے میں بند کر دیا اور دفتر کے تمام کمروں، الماریوں کے تالے توڑ کر دفتر میں موجود ریکارڈ چوری کر کے چلے گئے۔ یہ بات آج پاکستان مسلم لیگ کے سیکرٹری جنرل ملک محمد قاسم نے ایک پریس کانفرنس میں بتائی۔ انہوں نے بتایا ...

اس واقعہ کی اطلاع ایک تار کے ذریعہ انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب لو دے دی جس میں واقعہ کی تفصیل بیان کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ دفتر مسلم لیگ میں ڈکیتی کی گئی ہے تاہم ابھی تک پولیس ... انہوں نے بتایا ...

چپراسی نے جب ان افراد سے احتجاج کیا تو انہوں نے کہا کہ وہ پولیس کے آدمی ہیں۔

ملک محمد قاسم نے واقعہ کی تفصیل بتاتے ہوئے کہا کہ وہ ۲۲ اپریل کو اسلام آباد میں تھے اور مسٹر حیدر دائیں میانوالی گئے ہوئے تھے۔ انہیں اسلام آباد میں گزشتہ روز صبح ٹیلی فون پر اس کی اطلاع دی گئی اور جب مسٹر غلام حیدر دائیں میانوالی سے واپس آئے تو چوکیدار، چپراسی اور کارکن نے انہیں اس واقعہ کی اطلاع دی۔ مسٹر دائیں نے دیکھا کہ دفتر میں کمروں، الماریوں اور میزوں کی درازوں کے تالے ٹوٹے ہوئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ مسلم لیگ کی مرکزی، صوبائی کونسل کے اراکین کی فہرست، مسلم لیگ کی اصلاح، شہری شاخوں کے عہدیداروں کی فہرست، مجلس عمل کی کارروائی کی ایک ... مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کا لٹریچر اور ...

مصیبت کی اس گھڑی میں ہمارے دل افغان بھائیوں کے ساتھ ہیں

صدر داؤد کے نام وزیر اعظم بھٹو کا پیغام ہمدردی

اسلام آباد ۔۔۔۔ (اے پی پی) وزیر اعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کی فوری ہدایت پر افغانستان میں زلزلے سیلاب اور موسلا دھار بارشوں سے متاثرہ افراد کے لئے ... لاکھ روپے کی مالیت کی خوراک بھیجی جا رہی ہے۔ اس مقصد کے لئے ۵۰ ٹن ... وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے صدر داؤد کے نام پیغام میں ...

دلی خاں کو راولپنڈی جیل میں منتقل کر دیا گیا

لاہور ۔۔۔۔

ٹرافگر اور بریڈ فورڈ کے پاکستانی علاقے میں نسل پرستوں کا حملہ

لندن ۔۔۔۔ گزشتہ روز بریڈ فورڈ کے پاکستانی علاقے اور ٹرافگر سکوائر لندن میں برطانوی نسل پرست تنظیم ...



انجری بالوں امر پاکستانیوں کی طرف سے افغانستان کے مصیبت زدگان کے لئے امدادی سامان طیارے پر لادا جا رہا ہے

امدادی سامان کی پہلی کھیپ طیارے کے ذریعے کابل پہنچا دی گئی

میں وزیر اعظم بھٹو کی انسان دوستی سے بے حد متاثر ہوا ہوں

میری دعا ہے کہ پاکستانی عوام خوشحال ہوں اور مزید ترقی کریں: سردار داؤد

اسلام آباد ۔۔۔۔ (اے پی پی) افغانستان میں مصیبت زدہ سیلاب سے متاثرہ افراد کی امداد کے لئے وزیر اعظم بھٹو کی ہدایت پر پاکستان کا ایک عظیم ہیٹ طیارہ امدادی سامان کی پہلی کھیپ لے کر کابل کے ہوائی اڈے جلال آباد پہنچا اور سامان افغان حکام کے حوالے کرنے کے بعد اسلام آباد واپس آگیا۔ اس سامان میں ... کی بھاری تعداد بھی شامل ہے۔ پاکستانی طیارہ یہ سامان لے کر کل ہی کابل پہنچ گیا تھا لیکن موسم کی خرابی کی وجہ سے جلال آباد کے ہوائی اڈے پر ... وزیر اعظم بھٹو نے افغانستان کے مصیبت زدگان کے لئے دیگر اشیاء کے علاوہ ... کی امداد کا اعلان کیا تھا ... پر کابل بھیجا جا رہا ہے۔ پاکستان کی طرف سے امداد ... کے توسط سے بھی جا رہی ہے۔

افغانستان کے صدر داؤد نے وزیر اعظم پاکستان کے نام ایک پیغام میں افغانستان کے مختلف علاقوں میں قدرتی آفات سے متاثرہ افراد کے لئے فوری امداد پر شکریہ کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ میں وزیر اعظم بھٹو کی انسان دوستی سے بہت متاثر ہوا ہوں۔ پیغام میں پاکستانی عوام کے لئے خوشحالی اور ترقی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا ہے۔ افغانستان کے صدر داؤد کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے: افغانستان کی حکومت، عوام اور اپنی طرف سے حکومت پاکستان اور عوام کی طرف سے عالیہ قدرتی آفات سے متاثرہ افراد کے لئے ہمدردی اور امداد کی پیش کش کو قدر و تحسین کی نگاہ سے دیکھتا ہوں اور میں اس پیش کش اور جذبہ ہمدردی سے بہت متاثر ہوا ہوں۔ میری دعا ہے کہ پاکستان کے عوام خوشحال اور ...

مولانا عبدالحکیم ایم این اے اور آزاد کشمیر کے وزیر تعلیم بہادر خان پیپلز پارٹی میں شامل ہو گئے

مظفر آباد ۔۔۔۔ (اے پی پی) آزاد کشمیر کے وزیر تعلیم بہادر خان اور جمعیت علمائے اسلام کے رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالحکیم نے آج پیپلز پارٹی میں شامل ہونے کا اعلان کیا۔ یہ اعلان آزاد کشمیر پیپلز پارٹی کے کنونشن میں کیا گیا جو وزیر اعظم کی زیر صدارت آج یہاں شروع ہوا ہے۔

فلسطینی تنظیم آزادی جاپان میں اپنا دفتر قائم کرے گی

اسلام آباد ۔۔۔۔ (اے پی پی) پاکستان میں فلسطینی تنظیم آزادی کے نمائندے ... نے بتایا ہے کہ حکومت جاپان نے تنظیم کو ٹوکیو میں اپنا دفتر قائم کرنے کی اجازت دے دی ہے۔

WE,
Pakistanis abroad,
demand representation
in
Pakistan National Assembly & Senate

FOR TAKING UNITED ACTION

CONTACT:

I K. ASGHAR

PROTECT OUR RIGHTS
Movement

Suite 505 · New York

TELEPHONE (212) 687 1110

پندرہ روزہ
کرسینٹ
شمور ڈوکینڈ

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ
سُن رکھو کہ جو خدا کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (القرآن)

بھارت سے بات چیت کی ضرورت

وزیراعظم بھٹو نے اسلام آباد واپس آنے سے پہلے پشاور میں اخباری نمائندوں سے بات چیت میں برصغیر جنوبی ایشیا کے مسائل و معاملات پر کافی تفصیل سے روشنی ڈالی، اور مغربی ملکوں کے اخبارات کے اس تاثر کو غلط قرار دیا کہ گو ویتنام ایک سال کے تعطل کے بعد پاکستان اور بھارت میں تصفیہ طلب معاملات پر از سر نو مذاکرات کی جو راہ ہموار ہوئی ہے وہ بھارت کی طرف سے پیش قدمی کا نتیجہ ہے۔ وزیراعظم نے بتایا کہ اس معاملہ میں پہل پاکستان نے کی تھی، انہوں نے ۱۵ مارچ کو وزیراعظم بھارت مسز اندرا گاندھی کو جو خط لکھا تھا اس میں انہوں نے دونوں ملکوں میں تعطل دور کرنے کے لیے یہ پیشکش کی تھی کہ شہری ہوابازی کی بین الاقوامی تنظیم میں پاکستان نے جو مقدمہ دائر کر رکھا ہے، برصغیر میں امن کی خاطر اور بین الملکی حالات کو معمول پر لانے کے لیے پاکستان اسے واپس لینے کے لیے تیار ہے۔ بھارتی وزیراعظم نے مٹی کے اس خط کا جواب کافی تاخیر سے ۱۵ اپریل کو دیا، اور بین الملکی مذاکرات دوبارہ شروع کرنے کے لیے پاکستان کی تجویز قبول کر لی، اور گمان غالب یہ ہے کہ پاکستان اور بھارت میں مجوزہ مذاکرات آئندہ ماہ کسی وقت ہوں گے۔

شملہ معاہدہ کے تحت کچھ باہمی تجارت اور ڈاک تار کی حد تک مواصلات کی بحالی کے باوجود پاکستان اور بھارت میں تعلقات کو معمول پر لانے کی رفتار بے حد سست ہے۔ اور اب پاکستان نے تعطل کو ختم کرنے کے لیے شہری ہوابازی کے بین الاقوامی ادارہ سے بھارت کے خلاف اپنا مقدمہ واپس لینے کی جو پیشکش کی ہے، وہ بڑی حد تک بھارت کے پھیلائے ہوئے اس غلط اور گمراہ کن تاثر کو دور کرنے کی کوشش کا حصہ ہے کہ اس علاقہ میں صحت مند حالات کے معمول پر نہ آنے کی ذمہ داری بھارت پر نہیں، پاکستان پر عائد ہوتی ہے۔ بلوچستان کے دو ہفتے کے دورہ کے بعد مسٹر بھٹو نے ۱۰ اپریل کو لاہور میں اخباری نمائندوں سے بات چیت کے دوران میں بھی اپنے اس خط کا ذکر کیا تھا جو انہوں نے ۱۵ مارچ کو بھارتی وزیراعظم کو لکھا تھا۔ ابھی انہیں اپنے اس خط کا جواب موصول نہیں ہوا تھا لیکن وزیراعظم نے برصغیر کی صورت حالات کے بارے میں جو کچھ کہا تھا اس سے یہ واضح ہو گیا تھا کہ پاکستان پر نہ صرف بھارت کے سرپرست روس بلکہ اپنے نام نہاد دوست امریکہ کی طرف سے بھی دباؤ ڈالا جا رہا ہے کہ اسے بھارت سے اپنے تعلقات بہتر بنانے چاہئیں۔ اس پریس کانفرنس میں وزیراعظم نے کچھ تعجب اور کسی قدر شکوہ کے انداز میں جو کچھ کہا تھا اس کا مفہوم یہ تھا کہ روس نے اس معاملہ میں پاکستان کے موقف کو کما حقہ نہیں سمجھا یا پھر وہ سمجھنا ہی نہیں چاہتا۔

اس تفصیل کا اعادہ کرنے کی ضرورت اس لیے محسوس ہوئی ہے کہ اب پشاور میں وزیراعظم نے بھارت سے مذاکرات کی بحالی کے سلسلہ میں پہل کرنے کا بطور خاص جو ذکر کیا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ مسز اندرا گاندھی حال میں روس کے دورہ پر جانے والی ہیں، اور وہ روس سے مزید فوجی ساز و سامان حاصل کرنے کے لئے برصغیر میں کشیدگی کو ... ہونے کے پہلو کو روس جواز بنائیں گی اس نقطہ سے پاکستان نے بھارت سے مذاکرات کے لئے پہل کر کے مسز اندرا گاندھی کو اس جواز سے محروم کرنے کی مثبت کوشش کی ہے لیکن بھارت نے پاکستان کی امن و صلح پسندی کے بارے میں خوشگوار تاثر کو زائل کرنے کے لئے

ایک طرف مغربی اخبارات میں یہ پروپیگنڈا کرانا شروع کر دیا ہے کہ بین الملکی مذاکرات میں پہل بھارت نے کی ہے اور دوسری طرف روس سے مزید اسلحی ساز و سامان حاصل کرنے کا جواز برقرار رکھنے کے لئے بنگلہ دیش کی سرحدوں پر باقاعدہ چھیڑ چھاڑ شروع کرا دی ہے۔ مسٹر بھٹو نے پشاور کی پریس کانفرنس میں بنگلہ دیش اور بھارت میں سرحدی کشیدگی کے ضمن میں برصغیر کے لئے جن خطرات کی بجا طور پر اور بروقت نشاندہی کی ہے ان کا پس منظر یہی ہے کہ بھارت برصغیر میں حالات کو معمول پر نہیں لانا چاہتا اور پاکستان نے چونکہ مصالحت کے لئے پہل کر کے روس سے امداد حاصل کرنے کے سلسلہ میں اس کا ایک بنیادی جواز ختم کر دیا ہے اس لئے بھارت نے بنگلہ دیش کے خلاف چھیڑ چھاڑ کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ تاکہ برصغیر کے حالات کو مخدوش ظاہر کر کے اسکو مزید فوجی امداد دینے پر آمادہ کیا جا سکے۔

بھارت کی یہ چال اس کی جارحانہ روایات کے عین مطابق ہے۔ لیکن پاکستان کے لئے مشکل یہ ہے کہ برصغیر میں بڑا ملک اور برتر طاقت ہونے کے باعث بھارت کو عالمی سطح پر غیر معمولی اہمیت حاصل ہے۔ روس سے اس نے دفاعی معاہدہ کر رکھا ہے، اور اب دہلی اور پیکنگ میں سفیروں کی واپسی کے بارے میں جو تحریک ہوئی ہے، اس کا بھی مقصد صرف روس کی نظروں میں اپنی قیمت بڑھانے تک محدود نہیں، بلکہ اپنی امن پسندی کا تاثر دے کر ان ملکوں کو بھی گمراہ کرنا ہے جو بھارت کی جارحانہ تاریخ کی وجہ سے گاہے گاہے پاکستان کی مشکلات سے ہمدردی ظاہر کر دیتے ہیں۔ ان ملکوں میں ہمارا نام نہاد حلیف امریکہ سر فہرست ہے۔ جو بھارت کی ایک مسکراہٹ کے بدلے پاکستان سے دوستی بلکہ باقاعدہ حلیف ہونے کے سارے تقاضے بالائے طاق رکھ دینے کے لئے ہمیشہ آمادہ و تیار رہتا ہے۔ کچھ عرصہ سے ہمارا برادر ملک ایران بھی بھارت کی طرف جھک رہا ہے، اور وہ نہ صرف آر سی ڈی میں بھارت کی شمولیت کے امکان کا برملا اظہار کر چکا ہے، پاکستان پر دباؤ بھی ڈال رہا ہے کہ وہ بھارت سے اچھے تعلقات قائم کرے۔

بھارت سے تعلقات کی تاریخ انتہائی اضطراب انگیز ہونے کے باوجود برصغیر میں امن و صلح پاکستان کی بہت اہم ضرورت ہے۔ لیکن حقیقی اور دیرپا امن کا انحصار پاکستان کی خواہش اور کوشش کے بجائے بھارت کے رویہ پر ہے۔ وہ برصغیر میں جس نوعیت کی بالادستی چاہتا ہے، اور جس حد تک پاکستان کو دفاعی اعتبار سے کمزور رکھنے کا خواہاں ہی نہیں، اصرار بھی کرتا ہے، وہ تو پاکستان کے لئے قابل قبول نہیں ہو سکتی لیکن امن کے قیام اور حالات کو معمول پر لانے کی خواہش کے اظہار اور مساعی سے اگر ہم عالمی سطح پر پاکستان کے خلاف بھارت کے گمراہ کن تاثر کو زائل کرنے میں کامیاب ہو جائیں اور اس معاملہ میں مدبرانہ بالغ نظری کے شایان شان ضبط و تحمل سے کام لے کر بھارت کی جارحانہ چالوں سے مشتعل ہونے سے اجتناب کر سکیں، تو اس بات کو کمزوری کی کوئی علامت نہیں سمجھنا چاہیئے، بلکہ پیش آمدہ حالات ـــ جن کے پیدا ہونے میں پاکستان کا کوئی ہاتھ نہیں ـــ میں تدبر و حکمت کا تقاضا سمجھ کر اس کا مظاہرہ جاری رکھنا چاہیئے۔

سندھ کی سر کردہ شخصیات سے ملاقاتیں

از یہ نور قدوائی

عثمان کینیڈی

سندھ: آجکل کے چوٹی سال کی جمعیت اسلام پاکستان کے رہنما مسٹر محمد عثمان کینیڈی نے جیے سندھ تحریک کی وجہ اور اس کی تشکیل پر روشنی ڈالی اور بتایا کہ مارچ ۱۹۶۷ء کو سندھ یونیورسٹی اور انجینئرنگ کالج کے طلباء و طالبات نے ایک جلوس نکالا تھا۔ جام شورو میں پولیس نے جلوس روک لیا۔ طلباء نے آگے بڑھنے پر اصرار کیا جس کی وجہ سے پولیس اور طلباء میں تصادم ہو گیا۔ پولیس نے لاٹھی چارج کیا اور کئی طلباء زخمی ہو گئے۔ اس کے بعد ہم ۸ مارچ کا دن سندھی طلباء کا قومی دن بن گیا۔ اس وقت مسٹر مسعود نورانی رہبر سندھ یا طلبہ سندھ مسٹر ممتاز بھٹو کے پولیٹیکل سیکرٹری ـ جیسے ہی انجینئرنگ کالج سٹوڈنٹس یونین کے صدر تھے۔ بعد میں سندھی طلباء نے مہاجر طلباء پر حملہ کر کے انہیں زد و کوب کیا جواب میں مہاجر طلباء نے ان کو مارا اور اس طرح طلباء میں دو گروپ بن گئے۔ ایوب خاں کے آخری دور میں مسعود نورانی، لغاری اور دیگر طلباء نے "جیے سندھ" کا نعرہ بلند کیا اور جیے سندھ سٹوڈنٹس فیڈریشن کی بنیاد رکھی۔ مہاجر طلباء نے اس کی شدید مخالفت کی۔ اس پر انہوں نے کہا کہ جیے سندھ سے مراد "سندھ یا سندھو" ہے۔ ہم نے کہا کہ پہلے "پاکستان زندہ باد کہو" پھر جیے سندھ کہو۔ انہوں نے بتایا کہ جیے سندھ والے طلباء کا کہنا ہے کہ سندھ ایک ملک ہے۔ مہاجروں نے سندھ کی جائیداد پر قبضہ کر کے اس کو لوٹا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ غیر سندھی سندھ کی دھرتی سے نکل جائیں۔ مسٹر کینیڈی نے کہا کہ سید ابراہیم جویو، شیخ ایاز، غلام مصطفےٰ شاہ، عثمان علی عیسانی ان کی سرپرستی کر رہے تھے۔

سوال: سندھو دیش تحریک کیا ہے؟

جواب: آج کل یہ تحریک زوروں پر ہے اور حکمران طبقے کے لوگ اس کی سرپرستی کر رہے ہیں۔ بلکہ سندھو دیش کے نامور رہنما کا رکن پیپلز پارٹی میں شامل ہو گئے ہیں۔

سوال: اس کا حل؟

جواب: اگر حکمران پارٹی اس کی سرپرستی ختم کر دے تو یہ تحریک ایک گھنٹہ میں اپنی موت آپ مر جائے گی۔ کیونکہ یہ سندھ کے "پڑھے لکھے غنڈوں" کی تحریک ہے۔

سوال: اس تحریک کی کوئی باقاعدہ سیاسی تنظیم ہے؟

جواب: نہیں، صرف طلباء ہی ہیں۔

سوال: طلباء کا اس ضمن میں کیا کردار ہے؟

جواب: سندھ یونیورسٹی ان کا سب سے بڑا اڈہ ہے جہاں مہاجر طلباء کو ووٹ تک نہیں دینے دیا جاتا ـــ اور غیر سندھیوں کو داخلہ میں بڑی مشکلات ہیں۔ یونیورسٹی میں قائداعظم کی کوئی تصویر نہیں ہے۔ قائداعظم اور علامہ اقبال سے موسوم ہوسٹلوں کے نام تبدیل کر کے "مارون" اور "لطیف" ہوسٹل رکھ دیئے گئے ہیں۔ ... ... ہے۔

سوال: ... ... کی اصلی وجہ کیا ہے؟

جواب: ون یونٹ کی مخالفت کرنے پر اختلافات شروع ہوا۔ سندھی کہتے تھے کہ اس کی مخالفت کرو۔ مگر مہاجروں نے ایسا نہ کیا۔ جبکہ جب دو غیر سندھی اعلیٰ افسروں کے کہنے پر طلباء پر لاٹھی چارج ہوا تو بات نفرت تک پہنچ گئی۔ پھر پیپلز پارٹی نے ان کی حوصلہ افزائی کی۔ سندھی، غیر سندھی کے درمیان تفریق بھی حکمران پارٹی کرا رہی ہے۔

سوال: کیا یہ درست ہے کہ سندھ کا استحصال ہوا ہے؟

جواب: پیپلز پارٹی کے دور اقتدار میں ۳۰ ۴۰ ۲۶۵ سندھیوں کو ملازمت ملی ہے۔ لیکن یہ بات درست ہے کہ ہر طبقہ خیال کے سندھی اس بات پر متفق ہیں کہ نوکری ملازمت صرف سندھیوں کو ملے۔ کیونکہ ان کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔

انہوں نے کہا کہ سندھ کے نمائندوں کو چاہیئے تھا کہ وہ اپنے اپنے حلقہ میں اس تحریک کے کارکنوں سے بات چیت کرتے اور ان کے مسائل کو اسمبلی میں لا کر حل کراتے۔ لیکن افسوس تو یہ ہے کہ اسمبلی میں بھی جیے سندھ کی بات کی جاتی ہے۔

انہوں نے کہا کہ اگر حکمران پارٹی نئے اور پرانے سندھیوں کے درمیان محبت و بھائی چارہ پیدا کرنے کی کوشش کرتی تو ہم تعاون کے لیے تیار تھے۔

سراج الدین قریشی

تحریک استقلال سندھ کے جوائنٹ سیکرٹری مسٹر عبدالرحمٰن خان، تحریک استقلال سٹی حیدرآباد کے چیئرمین سراج الدین قریشی کا کہنا ہے کہ سندھ میں جیے سندھ تحریک کا کوئی وجود نہیں ہے۔ جی ایم سید اپنی ساکھ کھو بیٹھے ہیں اب جو کچھ شور و غوغا ہے وہ پیپلز پارٹی کی سرپرستی میں کیا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اس تحریک کو طاقت کا انجکشن لگانے کے لیے شیخ ایاز کو سندھ یونیورسٹی کا وائس چانسلر مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے عوام کی اکثریت پوری طرح محب وطن اور پاکستان اور نظریہ پاکستان کی حامی ہے وہ کسی ایسی کوشش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

انہوں نے کہا کہ تحریک صوبہ میں محبت، یگانگت اور اتحاد کے بیے کام کر رہی ہے ... نفرتوں کی دیوار گرا کر ان لوگوں کو ناکام بنا دے گی جو خصوصی مفادات کے تحت ایسے نعرے لگا رہے ہیں۔

زرِ بصیرت

میاں عبدالرشید

تصویر و بُت

اسلام میں انسانی زندگی کا محور اور مرکز اللہ تعالیٰ کی ذات بابرکات ہے۔ شرک سے یہ محور ختم ہو جاتا ہے اور ساری زندگی ڈانواں ڈول اور عدم توازن کا شکار ہو جاتی ہے۔ شرک کو ظلم عظیم فرمایا۔ نیز فرمایا کہ ہر جرم کی مغفرت کی امید رکھی جا سکتی ہے، مگر شرک معاف نہیں کیا جائے گا۔ کافر اس شخص کی مانند ہے جو کہے میرا کوئی باپ نہیں۔ نہ کسی نے مجھے پیدا کیا ہے۔ نہ کوئی میری پرورش کرنے والا ہے۔ اور مشرک کی مثال اس شخص کی سی ہے جو کہے میرے کئی باپ ہیں۔

بالعموم شرک کی بنیاد اس طرح پڑی کہ پہلے لوگوں نے عقیدت سے شخصیتوں کے بت یا تصویریں بنائیں۔ پھر ان پر پھول چڑھانے لگے۔ ان کے سامنے ادب سے بیٹھنے لگے پھر آہستہ آہستہ ان سے مرادیں مانگنے لگے اور ان کی عبادت کرنے لگے۔ اس لیے اسلام نے تصویر کشی اور بت سازی ہی سے روک دیا، تاکہ شرک کا سرچشمہ ہی بند ہو جائے۔ جناب رسالتمآبؐ یا آنجنابؐ کے صحابہؓ کرام کی فرضی تصاویر سے آج بھی مسلمان مضطرب ہو جاتے ہیں۔ مگر اولیاء اللہ کی تصاویر کے بارے میں اتنی احتیاط نہیں برتی جاتی حالانکہ اسلام اور روحانیت کے پیش نظر اس بارے میں بھی سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ ہر انسان کے بدن میں اللہ تعالیٰ نے قلب ملکہ دیا ہے اسے مصفیٰ کر لیا جائے تو وہ ٹیلیویژن کا کام دیتا ہے۔ عالم برزخ یہاں سے دور تو نہیں۔ قلب اگر استعداد پیدا کرے تو اس عالم کے بھی نظارے کر سکتا ہے۔ ظاہری تصاویر کی کیا ضرورت ہے! رومیؒ نے دو مصوروں کی حکایت بیان کی ہے۔ ایک نے دیوار پر نقش بنائے۔ دوسرے نے دیوار کو شیشے کی مانند چمکا لیا۔ بیچ میں سے پردہ کھینچا گیا تو وہ سارے نقش ابھر کر منعکس ہو گئے ؎

کیمیں نہ اگرچہ کہ چمن کے خس و خاشاک
گلشن میں ہے یک ستر سراپردۂ افلاک!

حدیث نبویؐ

علم سیکھنا ہر مومن پر فرض ہے۔ بہترین عبادت علم کا طلب کرنا ہے۔ علم طلب کرو اگرچہ چین میں ہو کیونکہ علم طلب کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔ ہر ایک شئے کے لئے راستہ ہوتا ہے اور جنت کا راستہ علم ہے۔ جس نے علم طلب کیا وہ جنت کے باغوں میں چلے گا۔ علم سیکھو اور علم کی عزت کرو۔ علم مومن کی کھوئی ہوئی چیز ہے وہ جہاں اس کو پاتا ہے لے لیتا ہے۔

یہ قائداعظمؒ کا سال ہے
قائداعظمؒ نے فرمایا

اتحاد، ایمان، نظم و ضبط



قوموں کی تشکیل و تعمیر اور استحکام و ترقی میں اتحاد، ایمان، تنظیم (یا نظم و ضبط) جو غیر معمولی کردار سرانجام دیتے ہیں وہ چنداں محتاج وضاحت نہیں۔ ترقی اتحاد سے مراد افراد کا باہمی اختلافات اور ذاتی رنجشوں کو نظر انداز کر کے ترقی و ملکی مقاصد کے لیے اشتراک عمل ہے۔ ایمان کا مطلب کسی قوم کا اپنے روحانی و نظریاتی اصولوں سے وابستگی و دلبستگی اور ہم مسلمانوں کے لیے اللہ تعالیٰ آنحضرت رسول مقبول صلعم، قرآن پاک پر غیر متزلزل ایمان، اور تنظیم سے مراد نظم و ضبط کی اس حد تک پابندی کہ ہر فرد ترقی مقاصد کی خاطر اس طرح منظم ہو کر حرکت میں آجائے کہ قوم دنیا کی بڑی سے بڑی رکاوٹ کو نیست و نابود کرنے کے لیے کمربستہ ہو جائے۔ قائداعظمؒ نے اسی لیے اتحاد، ایمان اور تنظیم، کو نشان راہ بنانے کی ہدایت فرمائی تھی۔ انہوں نے کہا:

•• مسلمانوں کی نجات اُن کے "اتحاد، ایمان اور تنظیم" میں پنہاں ہے، اور نیز اپنے قائد پر کامل اعتماد اور بھروسہ جو گذشتہ دس سال سے مسلمانوں کی خدمت کر رہا ہے۔

۲۵ جون ۱۹۴۶ء

•• میں آپ سے اپیل کرتا ہوں اور

فرمودہ اقبالؒ

اجاڑا ہے تمیزِ ملت و آئیں نے قوموں کو،
مرے اہلِ وطن کے دل میں کچھ فکرِ وطن بھی ہے؟
سکوت آموز طولِ داستانِ درد ہے ورنہ
زباں بھی ہے ہمارے منہ میں اور تابِ سخن بھی ہے

ـــــــ (بانگِ درا)

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندروزہ

کریسنٹ

ٹورانٹو کینیڈا

۱۵ مئی ۱۹۷۸ء · جلد نمبر ۵ · شمارہ نمبر ۹

بھارت اور بنگلہ دیش میں فرخا کے مسئلے پر مذاکرات بے نتیجہ رہے

ڈھاکہ ۔ ــــــ [illegible]

ایٹمی توانائی سے بجلی پیدا کرنے پر پابندی پاکستان میں ناقابلِ عمل ہوگی

جوہری تحفظات حقیقت پسندانہ ہونے چاہئیں ۔ اقبال اخوند

نیویارک ۔ ــــــ [illegible]

اقبال اخوند

شہنشاہِ ایران پاکستان اور بھارت میں مصالحت کرائیں گے

بنگلہ دیش کی فضائیہ کے نئے سربراہ

ڈھاکہ ۔ ــــــ [illegible]

جنوب مشرقی ایشیائی ممالک اپنے خطے میں امریکی فوجی طاقت کی موجودگی پسند کرتے ہیں

انگولا کے بارے میں امریکی پالیسی کی ناکامی پر دنیا بھر میں حیرت کا اظہار کیا جا رہا ہے ؛ امریکی نائب صدر

واشنگٹن ۔ ــــــ [illegible]

پاکستان اور روس کو مشترک کے ذریعے تجارت کرنی چاہیئے

کراچی ۔ ــــــ [illegible]

شیخ شوکت علی کی کوٹھی پر دستی بم پھینکا گیا

لاہور ۔ ــــــ [illegible]

اسلامی قانون کو عملی صورت میں نافذ کرنے سے مسلمان اپنا کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کر سکتے ہیں ؛ حمود الرحمن

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا کو مکمل ترین دین اور مثالی معاشرہ دیا

اسلامی قانون کے موضوع پر مجلس مذاکرہ میں مقررین کا اظہارِ خیال

لاہور ۔ ــــــ [illegible]



[illegible]

Please subscribe to the Crescent, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 5 years.

SUBSCRIPTION RATES:

☐	1 Year	1st Class Mail	$ 8.00
☐	2 Years	1st Class Mail	$14.00
☐	6 Months	1st Class Mail	$ 5.00

FORTNIGHTLY
Crescent
پندروزہ
کریسنٹ
ٹورانٹو کینیڈا
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 493 4374

Name
Address
Postal Code
Telephone No.